اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اٰمِرِ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار کی ملاقات سے قبل کے مدنی پھول

ملاقات ت کروانے والی ذمہ دار ملاقات سے قبل درج ذیل مدنی پھول پڑھ لیں!

☆ ملاقات سے قبل شہر مرشد سٹی نگران سے صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار کے لئے پانی کی بوتلیں لے کر پھر دورانِ ملاقات وزیارت تقسیم کی جاتی رہیں۔

☆ قبل از وقت شہر مرشد سٹی نگران سے تقسیم کے لئے رسائل لے کر ملاقات و زیارت کے وقت رسالہ بھی تقسیم کیا جائے۔

☆ تقسیم رسائل وپانی دیتے وقت بتایا جاتا رہے کہ صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار کا جوٹھا پانی ہے اور اس رسالے کو کب تک مطالعہ کر لیں گی، نیت کروائیں۔

☆ اِس دن کس کی باری ہے اسکی معلومات اُمِّ صفا سے لے کر خالی جگہوں پر قبل از وقت لکھ لی جائے۔

☆ ریسیپشن پر موجود مسائل و تجاویز والا بکس خیر خواہ سے منگوا کر زیارت کے لیے ملاقات کی جگہ پر رکھا جائے۔

☆ ریسیپشن سے سینیٹائزر کے اِسپرے کی بوتل خیر خواہ سے منگوا کر رکھ لی جائے، پھر زیارت کے لیے آنے والی اسلامی بہنوں پر ایک ایک کر کے خیر خواہ کے ذریعے ہاتھ وکپڑوں پر اِسپرے کیا جائے۔

ملاقات سے قبل درج ذیل اعلانات کریں: پیاری اسلامی بہنو! الحمد للہ! ہم تمام اسلامی بہنوں کے لئے یہ بڑی سعادت کی بات ہے کہ آج ہمارے رہنما، ہمارے محسن، ہمیں گناہوں سے بچانے، نیکیوں کی طرف راغب کرنے، اچھے بُرے کی تمیز بتانے والے، ہمارے شیخ طریقت، امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی مبارک آنکھوں کی ٹھنڈک صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار ہمارے درمیان جلوہ فرما ہیں۔ اور عنقریب ہمیں صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار کی ملاقات و زیارت سے باری کے مطابق مشرف ہونے کی مبارک سعادت ملنے والی ہے۔ اس شرف سے مشرف ہونے کے لیے کچھ آداب یہاں ذکر کئے جارہے ہیں سب متوجہ ہو جائیں اور بغور سُن لیں تاکہ ان اچھی اچھی گھڑیوں سے ہم منظم انداز اور غلطیوں سے بچ کر مستفید ہو سکیں۔ ان شآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

☆ موجودہ حالات واحتیاط کے تقاضوں کے پیشِ نظر اسلامی بہنیں ملاقات کے لیے تشریف لائیں گی لیکن مصافحہ نہیں کیا جائے گا۔

☆ نیز اسلامی بہنیں ماسک پہن کر زیارت کے لیے تشریف لائیں۔

☆ ہاتھ اور کپڑوں پر سینیٹائزر کا اِسپرے کروایا جائے۔

☆ زِیارت میں 6 فِٹ کے فاصلے کا خیال رکھا جائے۔

☆ اگر کسی اسلامی بہن کی طبیعت ناساز / کھانسی / فلو یا بخار ہو تو زیارت کے لیے لائن میں نہ لگیں۔

☆ ریجن نگران ملاقات کے وقت صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار کے پاس ہی موجود رہیں

﴿1﴾ صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار سے ملاقات و زیارت کے وقت قطار (لائن) لگالی جائے۔

﴿2﴾ ملاقات کیلئے جمع ہوتے وقت حقوق العباد کا خاص خیال رکھا جائے۔ اسلامی بہنوں کو پھلانگنے، دھکا لگانے وغیرہ سے بچا جائے۔

﴿3﴾ دورانِ زیارت منقبتِ عطار آواز کے پردے کی احتیاط اور مدنی چینل پر نشر ہونے والے کلام سے ہی پڑھے جائیں۔ **(یہ اعلان ۲ بار کر دیا جائے)**

﴿4﴾ صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار سے ملاقات و زیارت کے دوران دیگر اسلامی بہنوں کو بھی ملاقات و زیارت کا موقع ملے نیز صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار با آسانی سب کو شرف عطا فرمادیں اسکے لئے ملاقات و زیارت جلد جلد فرمالینے کی کوشش فرمایئے، اگر ہم نے ملاقات میں زیادہ وقت لے لیا تو باقیوں کو آزمائش اور اُنکی حق تلفی بھی ہو سکتی ہے لہٰذا اچھی اچھی نیتوں کی ساتھ جلد ملاقات فرمالیں۔

﴿5﴾ دورانِ ملاقات ہر ایسے انداز سے بچا جائے جو تنفیر عوام یا صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار کو تکلیف پہنچانے والا ہو۔

﴿6﴾ ملاقات باادب انداز میں کی جائے۔ ادب میں اس طرح کا عمل جیسے پاؤں پر ہاتھ رکھنا، سر رکھنا، برقع کھینچنا وغیرہ نہ کیا جائے بعض اوقات کچھ ایسی اسلامی بہنیں بھی ہوتی ہیں جن کو اس طرح کا عمل سمجھ نہیں آتا اور وہ وسوسے کا شکار ہو جاتی ہیں۔

﴿7﴾ دورانِ زیارت چیزوں پر دَم کرنے کا اصرار نہ کیا جائے بلکہ دَم کروانے کا سامان مکتبۃ المدینہ سے ریجن نگران کے ذریعے لے کر، ریجن نگران کے ذریعے مکتبۃ المدینہ پر جمع و وصول فرمائیں۔

﴿8﴾ جس اسلامی بہن کو ایک بار ملاقات و زیارت کا شرف مل جائے وہ دوبارہ یا بار بار ملاقات و زیارت کیلئے لائن میں نہ لگائیں تاکہ سب کو ملاقات و زیارت کا موقع مل جائے۔

﴿9﴾ صاحبزادئ عطار سلمہاالغفار اور کسی بھی اسلامی بہن کی موبائل کے ذریعے مووی، پکچر یا آواز کی ریکارڈنگ کی قطعاً اجازت نہیں اِس سے بچا جائے۔

﴿10﴾ جس دن ملاقات کے لئے جس ریجن کی ذمہ داران کا اعلان کیا جائے اس ریجن کے زون کی کوئی ذمہ دار اگر اپنی کسی نجی مصروفیت کی وجہ سے ملاقات و زیارت نہ کر سکی تو دوبارہ ملاقات و زیارت کے لئے اصرار نہ کیا جائے۔ اِسلامی بہنیں اپنا ذہن بنالیں کہ صاحبزادئ عطار کی زیارت کرلینا ہی عین سعادت ہے زیارت کے لئے ملاقات کا شرف کسی وجہ سے نہ ملے تو صبر کیا جائے۔

☆ جن اسلامی بہنوں کو صاحبزادئ عطار سلمہاالغفار سے کچھ عرض کرنی ہو تو دورانِ ملاقات عرض نہ کریں بلکہ اپنی عرض کو تحریر فرما کر صاحبزادئ عطار سلمہاالغفار کے قریب رکھے ہوئے بکس میں ڈال دیں۔

☆ صاحبزادئ عطار سلمہاالغفار جو عطا فرمائیں اسے اپنی سعادت سمجھتے ہوئے خوش دلی سے قبول فرمائیں اس بات پر اصرار نہ کیا جائے کہ ہمیں تحفہ میں یہی چاہیے۔

﴿11﴾ صاحبزادئ عطار سلمہاالغفار سے ملاقات و زیارت کی سعادت پالینے پر کیا ہی اچھا ہو کہ ہم شکرانے کے طور پر نیکیوں بھری اچھی اچھی نیتیں کریں اور صاحبزادئ عطار سلمہاالغفار کو بھی وہ نیتیں پیش کریں۔

اللہ پاک ہمیں مرتے دم تک دعوت اسلامی کا مخلص بنائے اور آل عطار کے فیوض سے مالامال فرمائے۔

اٰمین بجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلہٖ وَسَلَّم